بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# قصر نماز کے لیے مسافت کی مقدار

**سوال:**

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

قصر نماز کتنے کلو میٹر کی مسافت پہ پڑھی جائے گی؟ حوالہ کے ساتھ جواب مرحمت فرمائیں! جزاک اللہ خیراً

**سائل:** محمد ساجد، کشمور

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

77.5 کلو میٹر (اڑتالیس میل) کی مسافت پر نماز قصر کی جائے گی کیونکہ یہ مسافت شرعی ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ صحیح البخاری میں نقل کرتے ہیں:

وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ وَابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ يَقْصُرَانِ وَيُفْطِرَانِ فِي أَرْبَعَةِ بُرُدٍ وَهِيَ سِتَّةَ عَشَرَ فَرْسَخًا

(صحیح البخاری: ج1 ص147 بَاب فِي كَمْ يَقْصُرُ الصَّلَاةَ)

ترجمہ: حضرت عبد اللہ بن عمر اور حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہم چار برد کے سفر میں نماز قصر کیا کرتے اور اتنے سفر پہ روزہ افطار کرتے (یعنی نہ رکھتے)۔ چار برد کے سولہ فرسخ ہوتے ہیں۔

ایک فرسخ تین میل کا ہوتا ہے اور سولہ فرسخ اڑتالیس میل ہوئے۔

(حاشیۃ صحیح البخاری: ج1 ص147)

کلو میٹر کے اعتبار سے 48 میل 77.5 کلو میٹر کے برابر ہوتے ہیں۔

**واللہ اعلم بالصواب**

3-اپریل 2021ء